نیوز ریلیز
سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ
شعبۂ تعلقات عامہ

رابطہ:رچرڈ سنیلسائر
ترجمان
فون: 0300-501-2640

21 مئی 2010ء
برائے فوری اجراء
282/2010

نیٹو کے ایساف کمانڈر کا دورۂ پاکستان

اسلام آباد(21 مئی 2010ء)___ نیٹو کی انٹرنیشنل سیکورٹی اسسٹنس فورس کے سربراہ جنرل اسٹینلے میک کرسٹل افغانستان میں جاری ایساف کی کارروائیوں کی تازہ ترین صورت حال سے آگاہ کرنے اور چیف آف دی آرمی اسٹاف جنرل اشفاق پرویز کیانی سے صلاح ومشورہ کے لئے آج پاکستان پہنچے۔

اپنے دورے کے دوران جنرل میک کرسٹل نے پاکستانی ارکان پارلیمینٹ کے ایک گروپ کو بھی افغانستان میں ایساف کے حالیہ آپریشنز اور حکمت عملی کے متعلق بریفنگ دی۔ اجلاس میں منتخب ارکان کو جنرل میک کرسٹل سے سوالات کرنے اور انھیں اپنے نقطۂ نظر سے آگاہ کرنے کا موقع بھی ملا۔

جنرل میک کرسٹل ایساف کی سرگرمیوں کے سلسلہ میں جنرل کیانی اور پاکستانی رہنماؤں سے مشاورت کے لئے باقاعدگی سے پاکستان کا دورہ کرتے رہتے ہیں۔ حال ہی میں وہ 7 مئی کو بھی پاکستان آئے تھے۔ ایساف اور امریکہ تشدد آمیز انتہا پسندوں کو شکست دینے اور پاکستان اور خطہ میں امن وسلامتی قائم کرنے کے اپنے مشترکہ اہداف کے حصول کے لئے پاکستان سے تعاون اور اشتراک کار جاری رکھے ہوئے ہیں۔

###

مزید پریس ریلیز اور پاک امریکہ تعلقات کے بارے میں اطلاعات کیلئے ہماری ویب سائٹ
http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون:2080000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون:6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلفٹن زلین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون:5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11-اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون:3-5279801, 5285901-3